**30.08.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................ کلیم احمد

**Music**

---

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج تاشقند میں ازبیکستان کے صدر شوکت **Mirziyoyev** کے ساتھ بات چیت کی ہے۔

☆ وزیرِ اعظم مودی نے ''من کی بات'' پروگرام میں پی ایم سواندھی یوجنا کے ذریعے خواتین کو بااختیار بنائے جانے کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ مذکورہ اسکیم سے 35 لاکھ خواتین کو فائدہ ہورہا ہے۔

☆ وزیرِ اعظم نے سیٹلائٹ تکنیک سیکھنے اور اختراع کے شعبے میں آگے بڑھنے کیلئے 108 ملکوں کی 12 ہزار لڑکیوں کیلئے ایک پلیٹ فارم ''مشن شکتی **SAT** '' کو اجاگر کیا۔

☆ جناب مودی نے نوجوانوں، موسیقاروں اور **Content Creaters** سے اپیل کی کہ وہ نشہ مکت بھارت مہم کیلئے **Jingles**، نعرے اور پروگرام تیار کریں۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ پورے ملک میں یہ مہم زور پکڑ رہی ہے۔

☆ نیپال میں اچانک سیلاب سے مرنے والوں کی تعداد 734 تک پہنچ گئی ہے۔ تقریباً ڈھائی ہزار لوگ اب بھی لاپتہ ہیں۔ بھارت نے نیپال کیلئے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر 11 ٹن امدادی سامان کے ساتھ بذریعہ طیارہ چوتھی کھیپ بھیجی ہے۔

☆ اڈیشہ میں بہت شدید بارش کے امکان کے مدنظر ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

☆ اور آج شام بیلجیم میں مردوں کے **FIH** ہاکی ورلڈ کپ کے فائنل میں موجودہ چمپئن جرمنی کا مقابلہ اسپین سے ہوگا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**Day PM Uzbekistan Visit**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج تاشقند میں ازبیکستان کے صدر شوکت **Mirziyoyev** کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کی ہے۔ صدارتی محل میں ہونے والی اِس بات چیت میں دونوں رہنماؤں نے مختلف شعبوں میں اشتراک کا جائزہ لیا۔ ان میں تجارت، سرمایہ کاری، دفاع، ڈیجیٹل کنکٹیویٹی، توانائی، تعلیم اور عوام سے عوام کے رابطے شامل ہیں۔

اِس سے قبل، وزیرِ اعظم نریندر مودی نے ایک یوگ پروگرام میں شرکت کی، جس کا اہتمام ازبیکستان کی یوگ فیڈریشن نے کیا تھا۔ اس کے بعد، جناب مودی صدارتی محل پہنچے، جہاں ازبیکستان کے صدر شوکت **Mirziyoyev** نے باضابطہ طور پر اُن کا استقبال کیا۔x

**Mann Ki Baat**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ وِکست بھارت کیلئے ''نشہ مُکت یووا'' مہم پورے ملک میں تیزی کے ساتھ رفتار پکڑ رہی ہے۔ آج آکاشوانی پر ''مَن کی بات'' پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے، جناب مودی نے اِس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ نوجوانوں کو منشیات سے دور رکھنے اور ملک سے منشیات کے خاتمے کے مقصد سے شروع کی گئی یہ مہم کوئی سطحی پروگرام نہیں ہے کیونکہ بہت سے لوگ خاص طور پر نوجوان بڑی تعداد میں اِس میں شامل ہورہے ہیں۔

**SB - 1400 - PM on Drug Free Youth**

وزیرِ اعظم نے کہا کہ منشیات کی لعنت محض فردِ واحد کو ہی نقصان نہیں پہنچاتی بلکہ پورے کنبے اور معاشرے کو اِس کے مضمرات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

جناب مودی نے لوگوں سے کہا کہ وہ ملک سے منشیات کے خاتمے کیلئے بااثر نعرہ تیار کریں، جبکہ نوجوان موسیقار ایسے نغمے مرتب کریں، جو منشیات سے پاک زندگی گزارنے کے پیغام کی تشہیر کریں۔

**SB - 1400 - Pm on Content Creaters**

وزیرِ اعظم نے کہا کہ لاکھوں خواتین کو پی ایم سوانِدھی یوجنا سے نئی قوت مل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو بااختیار بنانے کے اِس پہلو پر اتنی بات نہیں کی جاتی، جتنی کہ ہونی چاہیئے تھی۔ جناب مودی نے کہا کہ پی ایم سوانِدھی یوجنا سے مستفید ہونے والوں میں تقریباً 46 فیصد خواتین ہیں۔

**SB - 1400- PM on Svanidhi Yojna**

جناب مودی نے کہا کہ آج ملک کی بیٹیوں کے خوابوں کی اڑان زمین سے لے کر باہری خلاء تک پہنچ رہی ہے۔
وزیرِ اعظم نے کہا کہ بھارت، دنیا بھر سے اُن ہزاروں بیٹیوں کو ایک ساتھ لا رہا ہے، جو اِس طرح کے خواب رکھتی ہیں۔
جناب مودی نے کہا کہ مذکورہ پہل کو '' مشن شکتی SAT '' کا نام دیا گیا ہے اور اِس کے ذریعے 108 ملکوں کی 12 ہزار لڑکیوں کو اختراع کے شعبے میں سیٹلائٹ تکنیک سیکھنے کا موقع مل رہا ہے۔

وزیرِ اعظم نے کہا کہ ہمارے تہوار اور تقریبات صرف روایات کو برقرار رکھنے کیلئے نہیں بلکہ اِن سے ایک دوسرے کے ساتھ منسلک ہونے کا موقع بھی ملتا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ آنے والے دنوں میں ملک میں جنماشٹمی اور وشوکرما پوجا جیسے کئی اور بڑے تہوار منائے جائیں گے۔

کچھ ہی ماہ میں دیپاولی بھی آنے والی ہے اور اِس کیلئے تیاریاں پہلے ہی شروع ہوچکی ہیں۔ جناب مودی نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ تہواروں کے اِس سیزن میں '' ووکل فار لوکل'' پر توجہ مرکوز کریں۔

**SB - 1400- PM on Local for Vocal**

**Oveall Nepal Flood**

وسطی نیپال میں اچانک سیلاب آنے سے مرنے والوں کی تعداد 734 تک پہنچ گئی ہے۔ وہاں مزید لاشیں ملی ہیں۔ تقریباً ڈھائی ہزار افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔

امدادی کارکن اِس سانحے کے آج پانچویں دن لاپتہ ہونے والے افراد کو تلاش کرنے اور وہاں پھنسے ہوئے لوگوں کو بچانے کیلئے سخت جدوجہد کررہے ہیں۔

اِدھر وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے بتایا کہ نیپال میں اچانک سیلاب آنے کے بعد سے اب تک 108 بھارتی شہریوں کو بچایا گیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب جیسوال نے کہا کہ تقریباً 50 بھارتی شہریوں کے ساتھ رابطہ قائم ہوگیا ہے، جن سے اِس سے پہلے رابطہ قائم نہیں ہوپارہا تھا۔

وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ 275 بھارتی شہریوں کے لاپتہ ہونے کی خبر ہے، جبکہ بھارت نژاد تقریباً 128 افراد اب بھی لاپتہ ہیں، جن کے پاس دیگر ملکوں کی شہریت ہے۔

اِدھر بھارت اچانک سیلاب سے متاثرہ نیپال میں بچاؤ اور راحت کے کام میں لگاتار مدد کررہا ہے۔x

## Add Overall Nepal

بھارت سے 11 ٹن امدادی سامان لے کر چوتھی پرواز کاٹھمنڈو میں اتری اور یہ امدادی سامان نیپال سرکار کے حوالے کردیا گیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ نیپال میں جاری بچاؤ اور راحت کارروائیوں میں معاونت کیلئے ضروری رسد اور تکنیکی ساز و سامان کے ساتھ یہ پرواز وہاں پہنچی ہے۔ اس سے قبل بھارت نے تین پروازوں میں 57 ٹن سے زیادہ ایمرجنسی راحت سامان وہاں بھیجا تھا۔x

## Nepal Hotline

چین میں بھارتی سفارتخانے نے بتایا ہے کہ تبت کے خودمختار خطے کے حکام نے دن رات کام کرنے والی انگریزی زبان کی مخصوص دو ہاٹ لائنز قائم کی ہیں تاکہ اچانک سیلاب کے بعد سے لاپتہ ہونے والے غیرملکی شہریوں کے بارے میں اُن کے گھر والوں کو جانکاری فراہم کرنے میں مدد کی جاسکے۔ اِن ہاٹ لائنز کے نمبر اس طرح ہیں:

صفر صفر آٹھ چھ- آٹھ نو ایک- چھ آٹھ ایک سات ایک چھ پانچ

دوسرا نمبر ہے:

صفر صفر آٹھ چھ- ایک آٹھ تین- صفر آٹھ صفر دو- چھ سات صفر پانچ

## Odisha Flood

شمالی اڈیشہ میں پھر سے سیلاب کا خطرہ پیدا ہورہا ہے۔ لگاتار بارش ہونے کے تناظر میں بالاسور میں **Subar-Na-Rekha** دریا میں پانی کی سطح میں اضافہ ہورہا ہے۔ شمال مغربی خلیج بنگال اور اِس سے متصل مغربی بنگال- شمالی اڈیشہ کے ساحلی علاقوں پر ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ بننے کے زیرِ اثر بارش کا زور بڑھ گیا ہے۔

بھارتی موسمیات محکمے نے آج اور کل اڈیشہ میں انتہائی شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...

**VC - Prakash Dash**

*بالاسور ضلع میں ہورہی لگاتار بارش کے سبب **Subar-Na-Rekha** دریا میں پانی کی سطح میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے، جس کی وجہ سے وہاں پھر سے سیلاب کا خطرہ پیدا ہوگیا ہے۔ آخری خبریں ملنے تک اس دریا میں راج گھاٹ کے مقام پر پانی کی سطح آٹھ اعشاریہ*

آٹھ-چار میٹر ریکارڈ کی گئی ہے، جو خطرے کے نشان سے دس اعشاریہ تین-چھ میٹر سے کم ہی کم رہ گئی ہے۔

جھارکھنڈ میں Galudih باندھ کے 6 گیٹ کھول دیئے گئے ہیں، جس سے دریا میں پانی کی سطح میں مزید اضافہ ہورہا ہے۔ جالیسور، بھوگرائی اور بالیاپال کے نشیبی علاقے پھر سے زیرآب آسکتے ہیں۔

خلیج بنگال کے شمال مشرق اور اس سے متصل مغربی بنگال شمالی اوڈیشہ کے ساحلی علاقوں کے اوپر ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ بننے کے سبب بارش میں اضافہ ہورہا ہے۔

محکمۂ موسمیات IMD نے آج اور کل اوڈیشہ میں انتہائی شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے، جس کے بعد پہلی ستمبر کو وہاں بہت شدید بارش ہوسکتی ہے۔

بھونیشور سے پرکاش داش کی رپورٹ کے ساتھ اردوخبروں کیلیئے میں.......................

## Mandaviya - Sunday on Cycle

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے محکمے کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے آج نئی دلّی میں Fit India Sundays on Cycle کے 88ویں پروگرام میں حصہ لیا، جو کھیلوں کے قومی دن سے منسلک ایک خصوصی پروگرام بھی تھا۔ برکس کے اشتراک سے جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں اس کا اہتمام کیا گیا۔

میڈیا سے بات کرتے ہوئے، جناب مانڈویا نے کہا کہ سائکلنگ لوگوں میں کافی مقبول ہوگئی ہے۔ اِس کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے، وزیرِ موصوف نے کہا کہ یہ ایک عمدہ ورزش ہے اور فضائی آلودگی سے پاک ماحول قائم کرنے نیز ٹریفک کی بھیڑ بھاڑ کو کم کرنے کا ایک موثر حل بھی ہے۔

ڈاکٹر مانڈویا نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ صحتمند اور تندرست رہنے کی خاطر کھیلوں اور جسمانی سرگرمیوں کیلیئے روزانہ کم از کم ایک گھنٹہ وقف کریں۔

### SB - Mansukh Mandaviya

اِدھر بھارتی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر نے کہا ہے کہ Fit انڈیا پہل کے نتیجے میں بھارت ایک زیادہ مضبوط، تندرست اور خودکفیل ملک بن سکے گا۔ انہوں نے نوجوانوں سے زور دے کر کہا کہ وہ اس تحریک میں شامل ہوں۔

## FIH Hockey

آج شام بیلجیم میں مردوں کے FIH ہاکی ورلڈ کپ کے فائنل میں موجودہ چمپئن جرمنی کا مقابلہ اسپین سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات 8 بجے شروع ہوگا۔

جرمنی کی ٹیم یہ ٹائٹل اپنے پاس برقرار رکھنے کے مقصد سے میدان میں اترے گی، جو اس نے 2023 میں جیتا تھا، جبکہ اسپین کی ٹیم اپنا پہلا ہاکی ورلڈ کپ جیتنے کی بھرپور کرشش کرے گی۔x

**Cricket**

خواتین کرکٹ میں آج دوبئی میں ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ میں بھارت، تھائی لینڈ کے خلاف میچ کے ساتھ اپنی مہم کا آغاز کرے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے آٹھ بجے شروع ہوگا۔ ہرمن پریت کور بھارتی ٹیم کی کمان سنبھالیں گی، جبکہ اسمرتی مندھانا نائب کپتان ہوں گی۔

ایشیا کپ ٹی ٹوئنٹی کی تاریخ میں بھارتی ٹیم اب تک سب سے کامیاب ٹیم رہی ہے۔ اس نے اب تک کھیلے گئے پانچ ٹورنامنٹ میں سے تین جیتے ہیں۔x

☆☆☆☆